# یا تو اس کا سارا سر مونڈ دو یا پھر سارا چھوڑ دو

ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک بچے کو دیکھا، جس کے سر کا کچھ حصہ مونڈا گیا تھا اور کچھ بنا مونڈے چھوڑ دیا گیا تھا، آپ ﷺ نے لوگوں کو ایسا کرنے سے منع کیا اور فرمایا: ”یا تو اس کا سارا سر مونڈ دو یا پھر سارا چھوڑ دو“

[صحیح] [اسے امام نسائی نے روایت کیا ہے] - اسے امام ابو داؤد نے روایت کیا ہے]

رسول اللہ ﷺ نے ایک بچے کو دیکھا جس کے سر کے کچھ بالوں کو مونڈ دیا گیا تھا اور کچھ کو بغیر مونڈے چھوڑ دیا گیا تھا، آپ ﷺ نے ان لوگوں کو بچے کے ساتھ دوبارہ ایسا کرنے سے منع کیا اور فرمایا: ایسا نہیں کرنا چاہیے کہ سر کا کچھ حصہ مونڈ دیا جائے اور بقیہ کو ویسے ہی چھوڑ دیا جائے، یہ ممانعت یا تو کراہت کے لیے ہے یا پھر حرمت کے لیے، لہٰذا اس کام سے مطلقا پرہیز کرنا ہی بہتر ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/8906